# GARFIELD ELEMENTARY SCHOOL



## 2018-2019 گھرانوں کے لیئے دستی کتابچہ

Garfield ایلیمنٹری میں خوش آمدید!

**پرنسپل کا پیغام**

Garfield ایلیمنٹری اسکول میں تعلیمی سال 2018-19 کے لیئے خوش آمدید! Garfield فیملی ہینڈ بک (گھرانوں کے لیئے تشکیل دیا گیا کتابچہ) میں اسکول کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں۔ ہمارا اسکول آپکے بچے کی تعلیم کے لیئے ایک محفوظ اور بہتر نگہداشت والی جگہ ہے۔ ہم ، ہمارے نظریے اور مشن کو سب سے آگے رکھنے میں ہماری مدد کرنے کے حوالے سے آپکی رائے کی قدر کرتے ہیں۔ آپ کا تعلیمی سال شاندار گزرے!

**اسکول کا نظریہ**

ہم عمر بھر سیکھنے والے طلباء کو با اختیار بناتے ہیں اور انکی اصلاح کرتے ہیں۔

**اسکول کا مشن**

ہم اکیسویں صدی کی مہارتوں کی تعمیر کے ذریعے عمر بھر سیکھنے والے طلباء کی نشونما کرتے ہیں ؛ طلباء، عملے اور خاندانوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرتے ہیں؛ شوق اور مضبوطیوں کو طاقتور بناتے ہیں؛ اور طلباء کو تعلیمی، معاشرتی اور جذباتی طور پر مشغول رکھتے ہیں۔

**اسکول کی مرکزی اقدار**

ہم قدر کرتے ہیں:

- اسکول کے مہذب، محفوظ اور مثبت ماحول کی
- سماجی نصاب اور تعلیمی نصاب کی
- مختلف ہدایات کے استعمال کی
- ماہرین کے طور پر ہمارے عملے کی
- پیشہ ور تدریسی کمیونٹیوں کی
- ہمارے طلباء اور خاندانوں کے الگ الگ رنگوں کی
- خاندان اور کمیونٹی کے شراکت داروں کی
- صحت مند دماغ اور جسموں کی
- طلباء اور عملے کے ان کے مقاصد تک پہنچنے کو تسلیم کرنے کی
- ٹیکنالوجی کے روزانہ کے وسائل کی

اسکول کی معلومات

**غیرحاضریاں یا دیر سے آنا**

براہ مہربانی اسکول دفتر میں 703-923-2929 پر کال کریں، کسی بھائی/ بہن کے ہاتھ ٹیچر کو ایک ہاتھ نوٹ بھجوائیں یا GarfieldESAttendance@fcps.edu پر ای میل کریں۔

**طلباء کی چھٹی**

- براہ مہربانی، چھٹی کے وقت کی درخواست کے بارے میں اسکول کو ایک تحریری نوٹ بھیجیں
- دستخط شدہ نوٹ میں نامزد شخص کو آفس میں آنا، بچے کو سائن آوٹ کرنا اور ایک درست ID دکھانا لازمی ہے۔
- اگر ایک طالب علم کو کسی دوسرے طالب علم کے ساتھ گھر جانا ہے تو دونوں بچوں کے والدین کو ٹیچر کو ایک نوٹ بھیجنے کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ اپنے بچے کو اسکول سے جلدی لینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو براہ مہربانی دوپہر 3:00 بجے سے پہلے پہلے فون کریں۔
- ایک دن کے لیئے اپنے بچے کی ٹرانسپورٹیشن تبدیل ہونے کی صورت میں دفترفون کریں – براہ مہربانی اس اہم تبدیلی کے لیئے ای میل پر بھروسہ مت کریں۔

**E- نوٹیفائے کے ذریعے رابطہ**

والدین کا ای- نوٹیفائے کمیونیکیشن کے لیئے خود بخود اندراج ہوجاتا ہے۔ FCPS کے مرکزی دفاتر اور اسکول یہ سسٹم ہنگامی رابطے، اسکول دیر سے کھلنے اور بند ہونے کے بارے میں معلومات، حاضری اور دیگر معلومات کے لیئے استعمال کرتے ہیں۔ والدین کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے بچے کی ایمرجنسی میں رابطے والی معلومات کو تازہ رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیئے کہ آپکو ای میل سروس فراہم کرنے والی کمپنی آپکے بچے کے اسکول یا ڈسٹرکٹ کی طرف سے آنے والے پیغامات کو بند یا فلٹر نہ کریں، اس کے لیئے سب سے بہترین طریقہ درج ذیل دو ڈومینز کو اپنی "safe " یا "permitted" ای میل بھیجنے والی فہرست میں شامل کرنا ہے۔ @fcps.edu اور @blackboardconnect.com

اگر آپ کوئی سوال کرنا چاہتے ہیں تو دفتر فون کرنا نہ بھولیں۔

**سالگرہ منانے کے طریقہ کار**

کلاس روم ٹیچر کے ساتھ پہلے سے انتظامات کر لینے چاہیں۔ اگر آپ کوئی کھانے کی یا من پسند چیز بھیجنے کا انتخاب کرتے ہیں تو وہ چیز اسٹور سے خریدی ہوئی اور پہلے سے پیکٹ میں بند ہونی چاہیئے، تاکہ ٹیچر الرجیز کے لئے اجزاء کا جائزہ لے سکیں

## Garfield Elementary School

7101 Old Keene Mill Road
Springfield, VA  22150

**مرکزی دفتر**
703-923-2900

**حاضری لائن**
703-923-2929
**GarfieldESAttendance@fcps.edu**

**اسکول کے اوقات کار**
صبح 9:20 -۔ شام 4:05 ؛ پیر - جمعہ

**پرنسپل**
*Ms. Christine Slattery*
CMSlattery@fcps.edu

**معاون پرنسپل**
*Mrs. Ashley Deane*
ALYounger@fcps.edu

**پرنسپل کے انتظامی معاون**
*محترمہ Wara Lima*
*703-923-2903*

**انتظامی معاون**
*Darlene Deese .Mrs*
703-923-2901

**طالب علم کی معلومات کے لیئے معاون**
*Mrs. Sarah Rothman*
*703-923-2902*

**ہیلتھ روم**
*Dawn Rihaly .Mrs*
703-923-2910

**کیفے ٹیریا**
*Mr. Tony Zarour*
703-923-2921

**اسکول کونسلر**
*Mrs. Janet Dougherty*
703-923-2969

**والدین کیلیئے رابطہٗ کار**
*Mrs. Carol Melim*
703-923-2966

**ویب سائٹ**
http://www.fcps.edu/GarfieldES/

**ٹویٹر**
@GarfieldES

## کیفے ٹیریا کے بارے میں معلومات

**کیفے ٹیریا کی قیمتیں:**
**ناشتہ:**
تمام طلباء کو روزانہ مفت ناشتہ ملے گا جو وہ کلاس روم میں کھائیں گے۔ **ناشتہ 30 اگست، 2018 سے شروع ہوگا**
**لنچ:**
طلباء - 3.25 ڈالر؛ بالغ - 4.50 ڈالر

**کھانا خریدنے کے تین طریقے:**
- **آن لائن ادائیگی-** **www.MySchoolBucks.com**. یہ آسانی سے استعمال ہونے والی سروس مفت، آسان، پرائیوٹ اور محفوظ ہے۔ ایک مرتبہ اکاؤنٹ بنانے کے بعد، والدین جب چاہیں فنڈ اکاؤنٹ کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔
- **چیک -** چیک " Garfield ES Food Services" کے نام لکھیئے اور فوڈ سروس منیجر کے دفتر میں لائیے۔
- **نقد -** طالب علم کے اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے لیئے یا روزانہ کی خریداری کے لیئے

*اسکول کے پہلے دو ہفتوں کے بعد والدین کو اپنے بچوں کے ساتھ لنچ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ والدین کو مرکزی دفتر میں سائن ان کرنا، ایک وزیٹر پاس لینا اور دفتر میں کسی کو اس بات کی اطلاع دینا کہ وہ کہاں جارہے ہیں، لازمی ہے۔*

**Salad Bar (سلاد والا حصہ)**
لنچ کے دوران طلباء کے پاس Salad Bar (سلاد والے حصے) سے چیزوں کا انتخاب کرنے کا موقع ہو گا۔ Salad Bar (سلاد والے حصے) کے مینیو میں چار قسم کی سبزیوں، تین طرح کے تازہ پھلوں اور پروٹین والی دو چیزوں میں سے انتخاب شامل ہو گا۔

**دفتر برائے خوراک اور غذایت کی خدمات:**
https://www.fcps.edu/resources/student-safety-and-wellness/food-and-nutrition-programs

## کلاس روم میں ملاقات کے لیئے آنا
ملاقات کے لیئے آنے والوں کو کلاس روم میں خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ ٹیچر اور منتظم کے ساتھ پیشگی انتظامات کرلینے چاہیں۔

## اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کرنا
اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کرنے کے لیئے براہ مہربانی Garfield اسکول کی ویب سائٹ پر جایئے:
http://www.fcps.edu/GarfieldES/

## دیر سے کھلنے/ جلدی چھٹی ہوجانے کا شیڈول (FECEP & K-6)
2 گھنٹے دیر سے کھلنے کے اوقات صبح 11:20 - دوپہر 4:05
2 گھنٹے جلدی بند ہونے کے اوقات صبح 9:20 - دوپہر 2:05
*دیر سے کھلنے، جلدی بند ہوجانے اور سکول کی چھٹیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے، براہ مہربانی درج ذیل ملاحظہ کریں:*
- FCPS ہوم پیج www.fcps.edu
- TV اسٹیشنز بشمول چینل 21
- ریڈیو

## لباس کے قواعد
FCPS طلباء کے لباس کے انداز سے شخصی اظہار کے حق کا احترام کرتے ہیں۔ تاہم، یہ ضروری ہے کہ وہ مہذب انداز میں ایسا لباس پہنیں جو K-12 کلاس تک کے بچوں کے لیئے مناسب ہو۔
مناسب طریقے کا لباس پہننے سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیئے طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ ملاحظہ کریں۔

## ایمرجنسی کیئر کارڈ
براہ مہربانی گھر، کام یا ہنگامی رابطے کی معلومات کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں دفتر کو مطلع کریں۔ یہ معلومات ہر وقت **تازہ** رہنی **چاہئیں**۔

## خاندان کے لیئے ذرائع
اگر آپ کے گھرانے کو بنیادی ضروریات یا سماجی خدمات کے سلسلے میں مدد درکار ہے تو براہ مہربانی مزید تفصیلات کے لیئے اسکول فون کریں اور ہماری سماجی کارکن، Mrs. Liz Laster یا ہماری والدین کی رابطہ کار Mrs. Carol Melim کے لیئے پوچھیں۔

## جمعہ والے دن کا فولڈر
اپنے بچے کا جمعہ والے دن کا سفید فولڈر دیکھنا اور دستخط کرنا نہ بھولیئے، جس میں انکا کام اور اسکول کے اہم فارم ہوتے ہیں۔

## اندازفکر کی نشونما
ہم طالب علموں کے اندازفکر کی نشونما کے لیئے ان کے ساتھ کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ ثابت قدمی اور محنت کے ذریعے، ذہانت کی تعمیر اور نشونما کی جاسکتی ہے۔ Carol Dweck کے کام کی بنیاد پر، عملہ اور طلباء کاموں کے مشکل ہونے کی صورت میں بیانات کو سراہنے کے لیئے ہمارے الفاظ کی طاقت کا استعمال کرتے ہیں۔ مثالی بیانات میں درج ذیل شامل ہیں:
- "میں درست راستے پر ہوں۔"
- "میں ہمیشہ بہتر بن سکتا ہوں، اسلیئے میں کوشش کرتا رہوں گا۔"
- غلطیاں کرنے سے مجھے سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔"
- میں اپنی سیکھی ہوئی کچھ حکمت عملیوں کا استعمال کروں گا۔"
-"میں اپنے دماغ کو (ریاضی دان، کتاب خواں) کی طرح سوچنے کی تربیت دوں گا۔"
- اس میں کچھ محنت لگے گی۔"

## ہوم ورک/ ایجنڈا
گریڈ K-4 کے طلباء کے لیئے ہوم ورک، ہر شام 20 منٹ مطالعہ کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ، ایسے خاندانی مشغولیت والے کھیل جن سے اہم سوچ کو فروغ ملتا ہے چیک آوٹ کے لیئے دستیاب ہوں گے۔

گریڈ 5 اور 6 میں، طالب علموں کے پاس ایک ایجنڈا بک ہوگی اور ہوم ورک کی قسم اور مقدار کا تعین کرتے وقت اساتذہ بچے کا گریڈ لیول، پختگی اور صلاحیت کو خیال میں رکھیں گے۔ عام اصول گریڈ لیول کے مطابق 10 منٹ ہے (یعنی: پانچواں = پچاس منٹ) براہ مہربانی اسائنمنٹس اور اہم معلومات کے لیئے روزانہ اپنے بچے کا فولڈر (تمام طلباء) اور ایجنڈا (گریڈ 5 اور 6) چیک کیجیئے۔ اگر آپ ہوم ورک کے بارے میں کوئی بھی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کریں۔

## جوئیں
اگر آپ کو شبہ ہے کہ آپ کے بچے کے سر میں جوئیں ہیں تو اسکول کے ہیلتھ روم کو مطلع کیجیئے۔ بچوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیئے: براہ مہربانی مزید معلومات کے لیئے درج ذیل لنک دیکھیئے۔ اس سائٹ پر ترجمے دستیاب ہیں۔
https://www.fcps.edu/node/32074

## ادویات
اسکول میں طلباء کو ادویات دینے کے لیئے "دوایوں کے اجازت نامے" کا ایک فارم درکار ہے۔ یہ فارم مرکزی دفتر میں دستیاب ہے۔ والدین پارٹ I، ادویات کی انتظامیہ کا اختیار، مکمل کریں۔ پارٹ II ڈاکٹر کی طرف سے مکمل کروایا جائے۔ ادویات کا کلینک میں رہنا لازمی ہے اور "دوایوں کا اجازت نامہ" فائل میں موجود ہونا چاہیئے۔

## پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن (PTA)
میٹنگز سال بھر منعقد کی جاتی ہیں اور ہر کسی کو ان میں آنے کے لیئے خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ کسی بھی قسم کے سوالات کے لیئے PTA سے اس ویب سائٹ پر رابطہ قائم کیجیئے garfield.es.pta@gmail.com
مزید معلومات کے لیئے، براہ مہربانی Garfield PTA ویب سائٹ پر جایئے:
sites.google.com/site/garfieldespta/

**صدر-** *Mr. Mustafa Rasuli*
**نائب صدر-** *Ms. Anne-Claire Chaufour-Fregnan*
**سیکرٹری -** *Ms. Amy Dane*
**خزانچی-** *Ms. Mary Jo Mentzel*
**چندہ جمع کرنے والے-** *Ms. Jennifer Chan*
**مواصلات -** *Ms. Lamya El-Shacke*

## پیرنٹ ٹیچر کانفرنسز (والدین کے ساتھ اساتذہ کا اجلاس)
- کانفرنسیں اسکول کے پہلے 6 ہفتوں کے دوران منعقد کی جاتی ہیں
- اساتذہ آنے والے تعلیمی سال میں اپنے بچے کے حوالے سے آپ کی امیدوں اور خوابوں کے بارے میں گفتگو کریں گے
- کانفرینسز سال بھر درخواست کی جاسکتی ہیں۔ براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد کے ساتھ رابطہ کریں

## پارکنگ اور گاڑی چلانے والے

ہم طلباء کے پہنچنے اور/ یا چھٹی کے دوران چھوڑنے یا لینے کے لیئے عمارت کے پیچھے والی سڑک " کس اینڈ رائڈ" کے لیئے استعمال کریں گے۔ کار سوار کی ہدایات، والدین کے لیئے گھر بھیجی جائیں گی اور مرکزی دفتر میں دستیاب ہوں گی۔

اسکول کے سامنے محدود پارکنگ موجود ہے۔ مزید پارکنک اسکول کی پچھلی طرف اور Garfield کے برابر والے پارک میں ہے۔ براہ مہربانی Springfield United Methodist Church کے سامنے والی سڑک پر پارک **مت** کریں۔

## PBL

پراجیکٹ بیسڈ لرننگ (PBL) تعلیم فراہم کرنے کا ایک ماڈل ہے جہاں طلباء مستند، مشغول اور پیچیدہ سوالات، مسائل کے حل اور/ یا اصلی زندگی کی مشکلات میں لگے رہتے ہیں۔ PBL کے عمل کے دوران، تمام طلباء:

- نازک اور تخلیقی سوچ کی مہارتوں کی پریکٹس کریں گے اور اوپن چیلینجزکے لیئے انفرادی حل تجویز کریں گے۔
- معلومات حاصل کرنے اور منفرد حل تشکیل دینے کے ذریعے ایک ساتھ کام کرنا کیسے بہتر ثابت ہوسکتا ہے کو سمجھیں گے۔
- اپنے کام کو ہمیشہ بہتر بنانے اور دہرانے کے ذریعے ایک تعمیراتی اظہار خیال کی طرف کام کریں گے۔
- سامعین کے ساتھ اپنا کام بانٹنے کے ذریعے بہتر رابطہ کار بنیں گے۔

اس عمل کے دوران، طلباء اسکول کا مواد سیکھیں گے، لیکن زیادہ اہم، بامعنی طریقوں سے مسائل کیسے حل کیئے جاتے ہیں سیکھیں گے، ایک ایسی مہارت جو وہ مستقبل میں کسی بھی مشکل کے لیئے استعمال کرسکتے ہیں: کالجوں میں درخواست دینے سے لے کر، نوکری ڈھونڈنے یا اپنا پہلا گھر لینے تک۔ پراجیکٹ- بیسڈ لرننگ ایسے زندگی بھر سوچنے والے اور سیکھنے والے پیدا کرے گی، جو کسی بھی مشکل کا سامنا کرسکتے ہیں!

## پیش رفت کی رپورٹیں

پیش رفت کی رپورٹیں SOL اور POS کے نصاب کے معیار کی بنیاد پر ہوتی ہیں جو:

- والدین کو انکے بچے کی تعلیم کے بارے میں جامع معلومات فراہم کرتی ہیں
- تعلیمی کامیابیوں کے علاوہ زندگی، کام اور اچھے شہری کی مہارتوں کے بارے میں رپورٹ فراہم کرتی ہیں

جب طالب علم کا کام گھر بھیجا جاتا ہے تو آپ درج ذیل گریڈ نمبر دیکھیں گے:

| | |
|---|---|
| **4** | اس سہ ماہی میں پڑھائے گئے معیار کے تصورات اور مہارتوں کا مسلسل اظہار |
| **3** | اس سہ ماہی میں پڑھائے گئے معیار کے تصورات اور مہارتوں کا عام طور پر اظہار |
| **2** | اس سہ ماہی میں پڑھاۓ گئے معیار کے تصورات اور مہارتوں کا کبھی کبھار اظہار |
| **1** | اس سہ ماہی میں پڑھائے گئے معیار کے تصورات اور مہارتوں کا شاذونادر ہی اظہار |

## طرز عمل کی رپورٹنگ

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ طلباء اسکول میں محفوظ رہیں، ہم والدین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ اگر انکا بچہ گھر آکر یہ بتائے کہ کسی دوسرے بچے کا رویہ اسکے ساتھ برا یا سخت تھا تو اس صورت میں ہم سے رابطہ کریں۔ اس میں درج ذیل مثالیں، مگر ان ہی تک محدود نہیں، شامل ہو سکتی ہیں: ناموں سے پکارنا، تنگ کرنا، جسمانی نقصان پہنچانا (مثال کے طور پر مارنا)، وغیرہ۔

## رسپانسو کلاس روم اسکول

Garfield ایلیمنٹری سکول کو *رسپانسو کلاس روم* سکول ہونے پر فخر ہے۔ *رسپانسو کلاس روم* پڑھانے اور سیکھنے کا ایک نقطہ نظر ہے جو محفوظ، چیلنجنگ، اور پرمسرت ایلیمنٹری کلاس روموں اور سکولوں کو فروغ دیتا ہے۔ اگر آپ صبح والی کلاس روم میٹنگ میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کریں۔

**یہ وہ سات بنیادی اصول ہیں جو *رسپانسو کلاس روم* کے نقطہ نظر کا تعارف کراتے ہیں:**

1. *سماجی نصاب اتنا ہی اہم ہے جتنا تعلیمی نصاب*
2. *بچے کیسے سیکھتے ہیں اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ، وہ کیا سیکھتے ہیں: عمل اور مواد ایک ساتھ چلتے ہیں۔*
3. *سب سے اعلی علمی ترقی معاشرتی رابطے کے ذریعے پیدا ہوتی ہے۔*
4. *تعلیمی اور سماجی طور پر کمایاب ہونے کے لیئے بچوں کو سماجی مہارتوں: تعاون، دعوے، ذمہ داری، ہمدردی، اور خود پر قابو (CARES) کی ضرورت ہوتی ہے۔*
5. *پڑھنے والے بچوں کے بارے میں – انفرادی، ثقافتی، اور ترقیاتی طور پر جاننا – اتنا ہی اہم ہے جتنا اس مواد کے بارے میں جو ہم پڑھاتے ہیں۔*
6. *پڑھنے والے بچوں کے خاندان کو جاننا اور انکے ساتھ ایک شراکت دار کے طور پر کام کرنا بچوں کی تعلیم کے لیئے ضروری ہے۔*
7. *بالغ افراد اسکول میں ایک ساتھ کیسے کام کرتے ہیں، اتنا ہی اہم ہے جتنی انفرادی قابلیت: پائیدار تبدیلی بالغ کمیونٹی سے شروع ہوتی ہے*

## اسکول جانے والی عمر کے بچوں کی دیکھ بھال کا انتظام (SACC)

Garfieldمیں بچوں کی دیکھ بھال کے لیئے اسکول کے اوقات سے پہلے اور بعد کے لیئے ایک SACC سینٹر ہے۔ اپنے بچے کا SACC پروگرام میں داخلہ کروانے کے لیئے، 703-449-8989 پر کال کیجیئے۔

## بیمار بچہ/ بچی

- دھبے، پانی اورسوجن والی آنکھوں، بخار، گلے میں خراش، قے یا اسہال کی علامتوں والے طلباء کو گھر پر رہنا چاہئے جب تک ڈاکٹر ان علامات کی تشخیص نہ کر لے اور تعین کردے کہ وہ متعدی ہیں یا نہیں۔
- فلو کی طرح کی علامات والے طلباء (بخار کے ساتھ کھانسی یا گلا خراب) کو گھر پر رہنا چاہئے اور بخار اتارنے والی دوائی کے بغیر بخار نہ ہونے کی صورت میں کم از کم **24 گھنٹے** تک اسکول سے باہر رہنا چاہیئے۔
- اگر آپکے بچے کو بخار کی حالت میں گھر بھیجا گیا ہے تو اس صورت میں وہ اگلے دن سکول واپس نہیں آسکتا۔
- اگر آپ کا بچہ اسکول کے دن کے دوران بیمار ہوجاتا ہے تو اسکول آپ سے رابطہ کرے گا کہ آپ اسکول آکر اپنے بچے کو لے جانا ہو گا۔

## سنیکس

- غذائیت سے بھرپور سنیکس اسکول لائے جاسکتے ہیں۔
- پھل، سبزیاں اور پنیر لانے کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- ٹافیاں، کیک،اور دیگر "زیادو چینی والے" سنیکس کی سختی سے حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔

## نگرانی کے رہنما اصول

فیئرفیکس کاؤنٹی چائلڈ پروٹیکش سروسز نے درج ذیل رہنما اصول جاری کیۓ ہیں جو اس بات کا تعین کرنے کے لیۓ استعمال کیۓ جاتے کہ آیا ایسی صورت حال کی چھان بین کرنی چاہیۓ جہاں نگرانی کی ممکنہ کمی کا امکان ہو:

- 0-6 کی عمر کے بچوں کو اکیلا نہیں چھوڑا جا سکتا
- 7-9 کی عمر کے بچوں کو لمبے وقت کے لیئے اکیلا نہیں چھوڑا جا سکتا (1 گھنٹے سے زیادہ نہیں)
- 10-18 کی عمر کے بچوں کو اس صورت میں اکیلا چھوڑا جا سکتا ہے کہ اگر ان کے ساتھ کوئی جذباتی یا طبی مسئلہ نہیں ہے اور اگر بچہ اس صورتحال میں خوش ہے۔
- 11-12 یا اس سے بڑی عمر کے بچے ان بچوں کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں جن کی عمر کم از کم 6 سال ہے، اس صورت میں کہ اگر ان کے ساتھ کوئی جذباتی یا طبی مسئلہ جڑا نہ ہو۔
- 13 یا اس سے بڑی عمر کے بچے چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں

تمام بچوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کے پاس ہنگامی صورتحال کے نمبر ہونے چاہئیں تاکہ وہ والد یا والدہ میں سے کسی ایک یا بتائے گئے ذمہ دار بالغ سے رابطہ کر سکیں۔

## ٹائٹل I

Garfield ES ایک ٹائٹل I سکول ہے۔ ٹائٹلI , *2001 کے ایلیمنٹری اور سیکنڈری تعلیمی ایکٹ کے تحت وفاقی مراعات کے لیئے دوبارہ اجازت ہے۔* اس قانون سازی کا مقصد "ضرورت مند اسکولوں اور طالب علموں کی ویسے ہی چیلنجنگ معیارات تک پہنچنے میں مدد کرنا ہے جن کی دوسرے تمام بچوں سے توقع کی جاتی ہے" (عوامی قانون 11-107)۔ ٹائٹل I گرانٹ چار اہم اہداف کا خطاب کرتی ہے:

- فنون زبان کی حکمت عملیوں اور ہنرمندیوں کو سنوارنا
- ریاضی کے تصورات اور گر تیار کرنا
- ناقدانہ سوچ بچار اور مسائل سلجھانے کی ہنرمندیوں کو فروغ دینا
- بچوں کی تعلیم میں اہل خانہ کی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا

## ٹرانسپورٹیشن

- اسکول کی ٹرانسپوٹیشن ان تمام ایلیمنٹری کے طلب علموں کے لیئے فراہم کی جاتی ہے جو Garfield کی حدود میں رہتے ہیں۔
- طلباء کو بس پر سواری کرنی چاہیئے
- بس میں سفر ایک رعائت ہے اور بس کے تمام مسافروں سے طرز عمل کے قابل قبول معیارات کی توقع کی جاتی ہے۔
- کنڈرگارٹن اور FECEP کے طلباء کو روزانہ بس سٹاپ پر ملنا چاہیئے

## نمبر

شام 5:00 بجے تک: 703-446-2150
شام 5:00 بجے کے بعد: ایمرجنسی سیفٹی اور سیکورٹی کے اوقات کے بعد کال کرنے کے لیئے: 571-423-2000

## رضاکار

خاندانی رضاکار اسکول کے پروگراموں میں اضافی مدد اور آرائش فراہم کرتے ہیں۔ رضا کار بننے میں دلچسپی رکھنے کی صورت میں، براہ مہربانی *PTA کے صدر*، Mr. Rasuli سے رابطہ کریں۔

## ملاقاتی حضرات

ملاقات کے لیئے آنے والے تمام افراد کو ہمارے automated visitors system (ملاقاتیوں کے لیئے بنائے گئے خود کار نظام) کے ذریعے سائن ان اور آؤٹ کرنا چاہیئے۔ براہ مہربانی ایک درست شناختی کارڈ لانا مت بھولیں؛ کیونکہ یہ اسکول کی عمارت میں داخل ہونے کے لیئے درکار ہے۔

## 2018-2019 کا کیلنڈر اور تقریبات

**2018**

| | |
|---|---|
| 23 اگست | Garfield بیک ٹو اسکول فیئر |
| 28 اگست | اسکول شروع ہوگا (K-6) |
| 3 ستمبر | **اسکول بند** – لیبر ڈے |
| 4 ستمبر | FECEP کے طلباء کا پہلا دن |
| 19 ستمبر | **جلدی چھٹی** - طلباء کی تین گھنٹے پہلے دوپہر 1:05 پر چھٹی ہو جائے گی۔ |
| 8 اکتوبر | **طلباء کی چھٹی** |
| 10 اکتوبر | موسم خزاں کی تصویریں |
| 11 اکتوبر | PTA میٹنگ، شام 6:30 بجے |
| 2 نومبر | پہلا گریڈنگ پیریڈ ختم ہوتا ہے |
| 5-6 نومبر | **طلباء کے لیئے اسکول سے چھٹی** – اسکول پلاننگ/ اساتذہ کے کام کا دن |
| 8 نومبر | فیملی سائنس نائٹ – شام 6-8:00 |
| 12 نومبر | Garfield Harvest Lunch & PTA Fun Run |
| 14 نومبر | موسم خزاں کی تصویریں دوبارہ لی جائیں گی |
| 21-23 نومبر | **اسکول بند** - تھینکس گوینگ کی چھٹی |
| 14دسمبر | **جلدی چھٹی** -طلباء کی تین گھنٹے پہلے دوپہر 1:05 پر چھٹی ہو جائے گی۔ |
| 24 دسمبر - 4 جنوری | **اسکول بند** - سردیوں کی چھٹیاں |

**2019**

| | |
|---|---|
| 7 جنوری | اسکول شروع ہوگا |
| 8 جنوری | کلب/ کینڈڈ تصاویر |
| 18 جنوری | **جلدی چھٹی** - طلباء کی تین گھنٹے پہلے دوپہر 1:05 پر چھٹی ہو جائے گی۔ |
| 21 جنوری | **اسکول بند** - مارٹن لوتھر کنگ جونیئر کا یوم پیدائش |
| 24 جنوری | دوسرا گریڈنگ پیریڈ ختم ہوتا ہے |
| 25 جنوری | **اسکول بند** – اساتذہ کے کام کا دن |
| 4 فروری | **اسکول بند** - اساتذہ کے کام کا دن |
| 18 فروری | **اسکول بند** - یوم صدور |
| 21 فروری | PTA میٹنگ، شام 6:30 بجے |
| 11 مارچ | **جلدی چھٹی** - طلباء کی تین گھنٹے پہلے دوپہر 1:05 پر چھٹی ہو جائے گی |
| 14 مارچ | PTA میٹنگ، شام 6:30 بجے |
| 4 اپریل | تیسرا گریڈنگ پیریڈ ختم ہوتا ہے |
| 5 اپریل | **اسکول بند** – طلباء کی چھٹی |
| 11 اپریل | PTA میٹنگ، شام 6:30 بجے |
| 15-19 اپریل | **اسکول بند** – موسم بہار کی چھٹیاں |
| اعلان کیا جائے گا | موسم بہار کی اور کلاس گروپ کی تصویریں |
| 9 مئی | کنڈرگارٹن کے لیئے واقفیت کا پروگرام، شام 5:30 بجے PTA میٹنگ، شام 6:30 بجے |
| 6 مئی- 7 جون | SOL ٹیسٹنگ کا عرصہ، گریڈ 3-6 |
| 27 مئی | **اسکول بند** - مموریل ڈے |
| 13 جون | اسکول کا آخری دن- **طلباء کی 3 گھنٹے پہلے چھٹی ہو جائے گی** |